NHS چھاتی کی اسکریننگ

- فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد



Urdu

چھاتی کا کینسر کیا ہے؟	2
چھاتی کی اسکریننگ کیا ہے؟	3
چھاتی کی اسکریننگ کے نتائج	6
ایک انتخاب کرنا – چھاتی کی اسکریننگ کے ممکنہ فوائد اور خطرات	9
چھاتی کے کینسر کی علامات کیا ہیں؟	12
اگر میرے سوالات ہوں تو میں کس سے رابطہ کرسکتی ہوں؟	13

چھاتی کی اسکریننگ کروانی ہے یا نہیں یہ انتخاب آپ کا ہے۔ اس کتابچے کا مقصد فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کرنا ہے۔

NHS چھاتی کی اسکریننگ کیوں پیش کرتا ہے؟

NHS چھاتی کے کینسر سے زندگیاں بچانے کے لیے اسکریننگ پیش کرتا ہے۔ اسکریننگ یہ کام ابتدائی مرحلے پر چھاتی کے کینسروں کا پتہ لگا کر کرتا ہے جب وہ اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ انہیں دیکھا یا چھو کر محسوس نہیں کیا جا سکتا۔ اسکریننگ آپ کو چھاتی کا کینسر ہونے سے نہیں بچاتا۔

چھاتی کی اسکریننگ کے کچھ خطرات ہیں۔ اسکریننگ کروانے والی کچھ خواتین میں چھاتی کے ایسے کینسر کی تشخیص ہو سکتی ہے اور علاج کیا جا سکتا ہے جس کا بصورت دیگر کبھی پتہ نہیں چلتا یا انہیں اس سے نقصان نہیں پہنچتا۔

مجھے چھاتی کی اسکریننگ کے لیے کیوں مدعو کیا گیا ہے؟

50 سال سے لے کر 71 سال کے درمیان کے عمر کی تمام خواتین کو ہر 3 سال پر چھاتی کی اسکریننگ کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ ہم اسکریننگ کی پہلی دعوت آپ کے 50 اور 53 ویں سالگرہ کے درمیان بھیجیں گے۔ مختلف عمر گروپ میں اسکریننگ کا مطالعہ کرنے کے حصے کے طور پر کچھ زیادہ عمر والی اور کم عمر خواتین کو بھی مدعو کیا جائے گا۔

اگر آپ کی عمر 71 سال یا زیادہ ہے تو، آپ کو ابھی بھی چھاتی کے کینسر کا خطرہ ہے۔ اگرچہ آپ کو اپنی 71 ویں سالگرہ کے بعد خود بخود اسکریننگ کی دعوتیں نہیں ملیں گی، تاہم آپ ابھی بھی ہر 3 سال پر چھاتی کی اسکریننگ کروا سکتی ہیں۔ آپ کو اپائنٹمنٹ کے لیے اپنے مقامی چھاتی کے اسکریننگ والی یونٹ سے بات کرنے کی ضرورت ہوگی۔

چھاتی کی اسکریننگ کرنے والی کچھ مقامی خدمات آپ کو SMS (ٹیکسٹ) کے ذریعہ چھاتی کی اسکریننگ کے اپائنٹمنٹ کی یاددہانیاں بھیج سکتی ہیں۔

چھاتی کا کینسر کیا ہے؟

چھاتی کا کینسر اس وقت شروع ہوتا ہے جب چھاتی کے خلیے بے قابو طور پر بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں اور جمع ہو کر گومڑ بناتے ہیں (اسے رسولی بھی کہا جاتا ہے)۔ کینسر کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ، خلیے جسم کے دوسرے حصوں میں بھی پھیل سکتے ہیں اور یہ جان لیوا ہو سکتا ہے۔

چھاتی کا کینسر یو کے میں کینسر کی سب سے زیادہ عام قسموں میں سے ایک ہے۔ یوکے میں ہر سال لگ بھگ 12,000 خواتین چھاتی کے کینسر سے موت کا شکار ہوجاتی ہیں۔ مرض سے جانبر ہونے کا معاملہ وقت کے ساتھ بہتر ہوتا جا رہا ہے اور اب چھاتی کے کینسر کی تشخیص والی لگ بھگ 4 میں سے 3 خواتین 10 سال بعد بھی زندہ ہیں۔

عمر بڑھنے کے ساتھ آپ کو چھاتی کا کینسر ہونے کا خطرہ بڑھتا جاتا ہے۔ چھاتی کے 5 میں سے لگ بھگ 4 کینسرز 50 سال سے زیادہ کی عمر کے خواتین میں پائے جاتے ہیں۔ چھاتی کے کینسر والی زیادہ تر خواتین کے یہاں مرض کی خاندانی تاریخ نہیں ہے۔

چھاتی کی اسکریننگ کیا ہے؟

چھاتی کی اسکریننگ میں ایکسرے جانچ کا استعمال چھاتی میں کینسر کی علامات کا پتہ لگانے کے لیے کیا جاتا ہے جسے میموگرام کہا جاتا ہے۔ یہ ایسے کینسروں کا پتہ لگا سکتا ہے جو اتنے چھوٹے ہوں کہ انہیں دیکھا یا محسوس نہ کیا جاسکے۔

اگر میں چھاتی کی اسکریننگ کا انتخاب کروں تو کیا ہوگا؟

جب آپ چھاتی کی اسکریننگ کے یونٹ میں پہنچتے ہیں تو، عملہ آپ کی تفصیلات چیک کرے گا اور آپ سے چھاتی کے کسی مسئلے کے بارے میں پوچھے گا جن کا آپ کو سامنا ہوا ہو۔ اگر آپ کے سوالات ہوں تو، براہ کرم پوچھ لیں۔

میموگرامز خواتین کے ذریعہ انجام دیے جاتے ہیں جنہیں میموگرافرز کہا جاتا ہے۔ میموگرافر پہلے بتائے گی کہ کیا ہوگا۔ پھر وہ آپ کی چھاتی کو میموگرام مشین پر رکھے گی اور اس پر ایک پلاسٹک کی پلیٹ رکھ کر دبائے گی تاکہ یہ چپٹا ہو جائے۔ اس سے آپ کی چھاتی کو جامد رکھنے میں مدد ملتی ہے اور ایکسریز صاف آتے ہیں۔

میموگرافر عام طور پر ہر چھاتی کے دو ایکسرے نکالے گی۔ --ایک اوپر کی طرف سے اور ایک پہلو کی طرف سے۔ ایکسریز لیے جاتے وقت وہ اسکرین کے پیچھے چلی جائے گی۔ ہر بار آپ کو کئی سیکنڈز تک ساکت رہنا ہوتا ہے۔

پورے اپائنٹمنٹ میں آدھے گھنٹے سے کم وقت لگتا ہے اور میموگرام میں صرف چند منٹ لگتے ہیں۔

آپ سے پوچھا جا سکتا ہے کہ کیا آپ ایک طبی آزمائش میں شرکت کرنا چاہتی ہیں

یہ طبی تحقیقی مطالعات ہیں۔ آپ کو پیش کردہ کسی آزمائش میں چھاتی کے کینسر کی کی بہترین قسم کی جانچوں یا معالجات کے بارے میں معلومات اکٹھی کی جائے گی تاکہ ہم مستقبل میں خواتین کی زیادہ مؤثر مدد کر سکیں۔ شرکت کرنا ہے یا نہیں کرنا اس کا فیصلہ آپ کر سکتی ہیں۔

اپنے میموگرام کے لیے تیاری

میموگرام کے لیے، آپ کو کمر تک کپڑے اتارنے ہوں گے۔ لہٰذا ڈریس کے بجائے سکرٹ یا ٹراؤزر پہننا آسان ہو سکتا ہے۔

براہ کرم اسپرے، ڈیوڈرنٹ یا ٹیلکم پاؤڈر استعمال نہ کریں کیونکہ یہ آپ کے میموگرام میں نظر آ سکتا ہے۔ آپ رول ان ڈیوڈرنٹ استعمال کر سکتی ہیں۔

میموگرام کروانا کیسا محسوس ہوتا ہے؟

یمیموگرام کروانا تھوڑی بے آرامی کا باعث ہو سکتا ہے، اور کچھ خواتین کے لیے یہ درد انگیز ہوتا ہے۔ عام طور پر، کوئی درد فوراً ختم ہو جاتا ہے۔

براہ کرم درج ذیل صورت میں اپنے اپائنٹمنٹ پر آنے سے قبل اپنے بریسٹ اسکریننگ یونٹ کو فون کریں:

- آپ کو جسمانی معذوری ہو یا آپ کے لیے سیڑھیاں چڑھنا دشوار ہو، تاکہ آپ کی اسکریننگ یونٹ آپ کے لیے ضروری انتظامات کرسکے
- آپ کی چھاتی میں امپلانٹس ہوں - آپ عام طور پر میموگرام کروا سکیں گی لیکن براہ کرم اسکریننگ سٹاف کو پہلے بتا دیں
- آپ نے گزشتہ 6 مہینوں کے اندر میموگرام کروایا ہو، یا حاملہ ہوں یا بچے کو دودھ پلا رہی ہوں، کیونکہ آپ کو چھاتی کی اسکریننگ مؤخر کرنے کو کہا جا سکتا ہے

چھاتی کی اسکریننگ کے نتائج

آپ کو اپنے اپائنٹمنٹ کے 2 ہفتوں کے اندر اپنی چھاتی کی اسکریننگ کے نتائج کے ساتھ ایک خط موصول ہوگا۔ نتائج آپ کے جی پی کو بھی بھیجے جائیں گے۔

کبھی کبھی خواتین کو اپنے نتائج حاصل کرنے سے قبل دوسرے میموگرام کی ضرورت ہوتی ہے۔ کبھی کبھی تکنیکی مسائل کا مطلب ہوتا ہے کہ میموگرام اتنا واضح نہیں ہے کہ اسے پڑھا جاسکے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو، آپ کی چھاتی کی واضح تصویر حاصل کرنے کے لیے آپ سے دوسرا میموگرام کروانے کو کہا جائے گا۔

زیادہ تر خواتین کا نتیجہ معمول کا ہوگا

اسکریننگ کروانے والی ہر 100 میں سے لگ بھگ 96 خواتین کے میموگرام میں کینسر کی علامات نظر نہیں آئیں گی -- یہ معمول کا نتیجہ ہے۔

میموگرامز کے درمیان بھی کینسر پنپ سکتا ہے۔ اپنی چھاتیوں کو چیک کرنا یاد رکھیں اور اگر آپ کو غیر معمولی تبدیلیاں محسوس ہوں تو فوراً اپنے جی پی کو بتائیں۔

کچھ خواتین کو مزید جانچوں کی ضرورت ہو سکتی ہے کیونکہ ان نتیجہ غیرمعمولی ہوتا ہے

نتائج سے بعد میں یہ بات سامنے آسکتی ہے کہ آپ کو مزید جانچوں کی ضرورت ہے کیونکہ میموگرامز غیر معمولی نظر آتے ہیں۔ ہر 100 خواتین میں سے لگ بھگ 4 کو اسکریننگ کے بعد مزید جانچوں کے لیے واپس آنے کو کہا جاتا ہے۔

ان 4 خواتین میں سے، 1 کو کینسر کا شکار پایا جائے گا۔ بقیہ کو کینسر نہیں ہوگا اور وہ ہر 3 سال پر اسکریننگ کروانے کی دعوت پر واپس لوٹ جائیں گی۔

اگر آپ کو مزید جانچوں کے لیے بلایا جاتا ہے تو، آپ کی چھاتی کا معائنہ، مزید میموگرامز اور الٹراساؤنڈ اسکین ہو سکتا ہے۔ آپ کی ایک بایوپسی ہوسکتی ہے، جس میں مائیکروسکوپ کے تحت چیک کرنے کے لیے آپ کی چھاتی سے سوئی کے ذریعہ چھوٹا سا نمونہ لیا جاتا ہے۔ آپ کو عام طور پر اپنے نتائج ایک ہفتے کے اندر مل جائیں گے۔

چھاتی کی اسکریننگ کروانے والی 100 خواتین کے ساتھ ہر بار اسکریننگ کروانے پر کیا ہوتا ہے



اگر آپ کو چھاتی کا کینسر پایا جاتا ہے تو، یہ جراحتی یا غیر جراحتی ہوسکتا ہے

چھاتی کا غیر جراحتی کینسر
اسکریننگ کے ذریعہ چھاتی کے کینسر کی تشخیص والی 5 خواتین میں سے لگ بھگ 1 کو غیر جراحتی کینسر ہوگا۔ اس کا مطلب ہے کہ چھاتی میں کینسر کے خلیے ہیں، لیکن وہ صرف دودھ کی نالیوں (قنات) کے اندر ہیں اور مزید نہیں پھیلے ہیں۔ اسے قناتی سرطان قدرتی حالت میں (Ductal carcinoma in situ, DCIS) بھی کہا جاتا ہے۔ کچھ خواتین میں، کینسر کے خلیے نالیوں کے اندر ہوتے ہیں۔ لیکن دیگر میں وہ مستقبل میں گردوپیش کی چھاتی میں بڑھ (پھیل) جائیں گے۔

چھاتی کا جراحتی کینسر
اسکریننگ کے ذریعہ چھاتی کے کینسر کی تشخیص والی 5 خواتین میں سے لگ بھگ 4 کو جراحتی کینسر ہوگا۔ یہ ایسا کینسر ہے جو دودھ کی نالیوں سے بڑھ کر گردوپیش کی چھاتی میں پھیل جاتا ہے۔ چھاتی کے زیادہ تر جراحتی کینسر کا علاج نہ کروانے پر یہ جسم کے دیگر حصوں میں پھیل جائیں گے۔



چھاتی کے کینسر کا علاج

خواہ کینسر جراحتی ہو یا غیر جراحتی، آپ کو چھاتی کے کینسر کے ماہرین کی ایک ٹیم کے ذریعہ علاج اور نگہداشت فراہم کیا جائے گا۔ علاج میں سرجری (جس کا مطلب پستان براری ہوسکتا ہے)، ریڈیو تھیراپی، ہارمون تھیراپی اور ممکنہ طور پر کیموتھیراپی شامل ہونے کا امکان ہے۔ یہ معالجات طویل مدتی ضمنی اثرات پیدا کر سکتے ہیں۔

انتخاب کرنا: چھاتی کی اسکریننگ کے امکانی فوائد اور خطرات

یہ فیصلہ آپ کو کرنا ہے کہ آیا چھاتی کی اسکریننگ کروانی یا نہیں۔ اس کی متعدد وجوہات ہیں جس کے سبب خواتین اسکریننگ کروانے یا نہ کروانے کا انتخاب کر سکتی ہیں۔ فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کے لیے، ہم نے امکانی فوائد اور خطرات پر معلومات شامل کی ہیں۔

اسکریننگ چھاتی کے کینسر سے زندگیوں کو بچاتی ہے۔
زندگیاں اس وجہ سے بچتی ہیں کہ کینسروں کی وقت رہتے تشخیص ہو جاتی ہے اور علاج ہو جاتا ہے جو اسکریننگ نہ ہونے کی صورت میں نہیں ہو پاتی۔

اسکریننگ سے چھاتی کے ایسے کینسروں کا پتہ چل جاتا ہے جس کی وجہ سے کسی خاتون کو کبھی نقصان نہ پہنچا ہو۔
کچھ ایسی خواتین کو چھاتی کے کینسر کی تشخیص ہو جائے گی اور ان کا علاج کیا جائے گا جن کا بصورت دیگر کبھی پتہ نہیں چلتا اور وہ جان لیوا نہیں ہوتیں۔ یہ اسکریننگ کا بنیادی خطرہ ہے۔

ڈاکٹرز ہمیشہ یہ نہیں بتا پاتے کہ آیا چھاتی کے جس کینسر کی تشخیص ہوئی ہے وہ جان لیوا ہوگا یا نہیں، لہذا وہ چھاتی کے کینسر والی تمام خواتین کو علاج کی پیشکش کرتی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ کچھ خواتین کو علاج پیش کیا جائے گا جس کی انہیں ضرورت نہیں ہوگی۔

چھاتی کی اسکریننگ کے امکانی فوائد اور خطرات کو تولنا

یہ چیز بحث کا موضوع رہی ہے کہ چھاتی کی اسکریننگ سے کتنی زندگیاں بچائی گئی ہیں اور کتنی خواتین کو ایسے کینسروں کی تشخیص ہوئی ہے جو کبھی جان لیوا نہیں ہوتے۔ اگلے صفحے پر موجود تعداد ان ماہرین کے ایک گروپ کا بہترین تخمینہ ہے جنہوں نے ثبوتوں کا جائزہ لیا تھا۔

چھاتی کے کینسر سے زندگیوں کو بچانا
اسکریننگ ایسی ہر 200 خواتین میں 1 کی زندگی چھاتی کے کینسر بچاتی ہے جن کی اسکریننگ ہوئی ہو۔ اس کو جوڑنے پر ہر سال یوکے میں چھاتی کے کینسر سے بچائی گئی زندگی کی تعداد لگ بھگ 1,300 تک پہنچتی ہے۔

یسے کینسروں کا پتہ چلنا جن کی وجہ سے کسی خاتون کو کبھی نقصان نہیں پہنچا ہو
50ا سے لے کر اپنی 71 ویں سالگرہ تک ہر 3 سال پر اسکریننگ کروانے والی 200 خواتین میں لگ بھگ 3 میں کینسر کی تشخیص ہوئی ہے جس کا پتہ اسکریننگ کے بغیر کبھی نہیں چلتا اور وہ کبھی بھی جان لیوا نہیں ہوتا۔ اس کو جوڑنے پر یوکے میں ہر سال لگ بھگ 4,000 ایسی خواتین کا علاج کیا جاتا ہے جنہیں اس کی ضرورت نہیں تھی۔

مجموعی طور پر، چھاتی کے کینسر سے بچائی جانے والی ہر 1 خاتون کے تناسب میں، لگ بھگ 3 خواتین کو ایسے کینسر کی تشخیص ہوتی ہے جو کبھی بھی جان لیوا نہیں بنتا۔
تحقیق کنندگان یہ بتانے کے بہتر طریقوں کی تلاش میں ہیں کہ کن خواتین کو چھاتی کے ایسے کینسرز ہیں جو جان لیوا ہوں گے اور کن خواتین کو ایسے کینسرز ہیں جو جان لیوا نہیں ہوں گے۔

کیا چھاتی کی اسکریننگ کے دوسرے خطرات بھی ہیں؟

اسکریننگ کے غیر معمولی نتائج وصول کرنے والی زیادہ تر خواتین کو چھاتی کا کینسر نہیں ہوتا۔ ان خواتین کو غیر ضروری فکر مندی کا سامنا ہوتا ہے اور کچھ کو تناؤ محسوس ہوتا ہے جس سے اس وقت ان کی اپنی معمول کی روزمرّہ سرگرمیوں کو کرنے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے۔

ایکسرے سے کینسر انتہائی شاذ ہی ہو سکتا ہے۔ ہر تین سال پر، 20 سالوں تک میموگرامز کروانے پر، کسی خاتون کے پورے دور حیات میں کینسر ہونے کے امکان میں بہت ہی معمولی اضافہ ہوتا ہے۔

میموگرامز سے سبھی کینسروں کا پتہ نہیں چلتا ہے۔ کبھی کبھی انہیں میموگرامز میں نہیں دیکھا جاسکتا، اور شاید ہی میموگرام کو پڑھنے والوں سے ایکسرے میں کینسر چھوٹ سکتا ہے۔ اسکریننگ کے اپائنٹمنٹس کے درمیان آپ کی چھاتی میں تبدیلی ہوسکتی ہے لہذا یہ جاننے کے لیے اپنی چھاتی کو پابندی سے چیک کرنا ضروری ہے کہ آپ کے لیے کیا نارمل ہے۔ اگر آپ کو کوئی تشویشات ہوں تو براہ کرم اپنے جی پی سے بات کریں۔

چھاتی کے کینسر کی کیا علامات ہیں؟

اگر آپ اس بات سے واقف ہیں کہ آپ کی چھاتی کیسی نظر آتی اور محسوس ہوتی ہے تو، اس بات کا زیادہ امکان ہے کہ آپ ایسی کسی تبدیلیوں کی نشاندہی کر سکیں جو چھاتی کے کینسر کی علامات ہوسکتی ہیں۔ یہ ایسی صورت میں بھی اہم ہے کہ جب آپ چھاتی کی اسکریننگ کرواچکی ہوں۔ ان چیزوں پر نظر رکھیں:

- چھاتی میں گانٹھ یا اس میں دبازت یا موٹا ہوا
- سرپستان میں تبدیلی۔ ممکن ہے سرپستان اندر کی طرف چھاتی میں دھنس جائے، یا اس کی شکل تبدیل ہو جائے۔ آپ کو ایسی پتی ہو سکتی ہے جس کی وجہ سے سرپستان سرخ اور پپڑی دار نظر آئے، یا سرپستان سے خون یا دیگر سیال باہر نکلتا ہو
- چھاتی کیسی محسوس ہوتی یا نظر آتی ہے اس میں تبدیلی۔ یہ بھاری، گرم یا غیر ہموار لگ سکتی ہے، یا جلد میں گڑھے ہو سکتے ہیں۔ چھاتی کے سائز یا شکل میں تبدیلی ہو سکتی ہے
- چھاتی یا بغل میں درد یا بے آرامی
- بغل میں سوجن یا گومڑ

اگر آپ کو اپنی چھاتیوں میں کسی قسم کی تبدیلی محسوس ہو تو، آپ کو فوراً اپنے جی پی سے رابطہ کرنا چاہیے۔ ممکن ہے آپ کو کینسر نہ ہو۔ لیکن اگر ایسا ہے تو، ابتدائی مرحلے پر تشخیص اور علاج ہونے کا مطلب چھاتی کے کینسر سے آپ کے بچ جانے کا امکان میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

اسکریننگ کے بعد میرے میموگرامز کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟

NHS کا چھاتی کے اسکریننگ کا پروگرام کم از کم 8 سالوں تک آپ کے میموگرامز کو رکھے گا۔ انہیں محفوظ رکھا جاتا ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پروگرام پابندی سے ریکارڈوں کو چیک کرتا ہے کہ سروس ممکنہ حد تک اچھی ہو۔ خدمات صحت کے دیگر حصوں کے سٹاف کو اس کے لیے آپ کے ریکارڈوں کو دیکھنے کی ضرورت ہو سکتی ہے، لیکن ریکارڈوں کا اشتراک صرف ان افراد کے ساتھ کیا جائے گا جنہیں اسے دیکھنے کی ضرورت ہے۔

گر اسکریننگ اپائنٹمنٹس کے درمیان آپ کو چھاتی کے کینسر کی تشخیص ہوتی ہے تو ہم آپ کی پچھلی اسکریننگ کے نتائج کا جائزہ لیں گے۔ اگر آپ چاہیں تو آپ اس جائزے کے نتائج دیکھ سکتی ہیں۔

اگر میرا کوئی سوال ہو تو میں کن سے رابطہ کرسکتی ہوں؟

اگر اسکریننگ کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں تو، براہ کرم اپنی مقامی بریسٹ اسکریننگ یونٹ سے رابطہ کریں۔ اگر آپ اس بارے میں کسی سے بات کرنا چاہیں کہ آیا آپ کو چھاتی کی اسکریننگ کروانی چاہیے یا نہیں، تو آپ کی جی پی مدد کرسکتی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی، آپ فیصلہ کرنے میں مدد کے لیے امکانی فوائد اور خطرات کا اندازہ کر سکتی ہیں۔

چھاتی کی اسکریننگ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:

www.nhs.uk/breast

اپنی مقامی بریسٹ اسکریننگ یونٹ کی تفصیلات معلوم کرنے کے لیے ملاحظہ کریں:

www.nhs.uk/breastscreening

پبلک ہیلتھ انگلینڈ اور NHS کس طرح آپ کی اسکریننگ کی معلومات کو استعمال اور اس کا تحفظ کرتی ہے اس بارے میں مزید معلومات یہاں سے حاصل کریں:

www.gov.uk/phe/screening-data

اسکریننگ سے دستبردار ہونے کے لیے، دیکھیں:

www.gov.uk/phe/screening-opt-out

Corporate member of
Plain English Campaign
Committed to clearer
communication
339

اس کتابچے کی مزید کاپیوں کا آرڈر دینے کے لیے ملاحظہ کریں:

www.gov.uk/phe/screening-leaflets

اس کتابچے کا بڑے حروف میں چھپا ہوا نسخہ اس پتے پر دستیاب ہے:

www.gov.uk/government/publicatios/breast-screening-helping-women-decide

اس کتابچے کو کنگز ہیلتھ پارٹنرز کے اطلاعاتی ماہرین کی ایک آزادانہ ٹیم کے ذریعہ، کینسر ریسرچ یوکے کے مشوروں اور تحریری اعانت سے مکمل کیا گیا ہے۔

ایک عوامی مشاورت کے ذریعہ، جس میں عوام کے 1000 ممبران نے NHS کے کینسر اسکریننگ پروگراموں کے بارے میں معلومات کی تیاری کی کوششوں میں تعاون کیا گیا۔

درج ذیل تنظیموں نے مشاورت میں اعانت کی: بیٹنگ باویل کینسر، بی ایم ای کینسر کمیونیٹیز، باویل کینسر یوکے، بریک تھرو بریسٹ کینسر، بریسٹ کینسر کمپین، بریسٹ کینسر کیئر، کینسر ریسرچ یوکے، انڈیپنڈنٹ کینسر پیشنٹس وائس، جوئیز سروائیکل کینسر ٹرسٹ اور پیشنٹ انفارمیشن فورم۔

اس کتابچے میں درج معلومات کے لیے 25 خواتین کی سیٹیزنس جیوری کے ذریعہ اس بارے میں سفارشات کا استعمال کیا گیا ہے کہ چھاتی کی اسکریننگ کے امکانی فوائد اور خطرات کو کیسے پیش کیا جائے۔

پروڈکٹ کوڈ: BSP01

پہلی اشاعت: جون 2013

یہ ورژن: جنوری 2019 (PN2126643)

نظر ثانی کی تاریخ: زیر التواء

CANCER RESEARCH UK

KING'S HEALTH PARTNERS

An Academic Health Sciences Centre for London

Pioneering better health for all